رفاقتِ اقدس
کے لیے
دعوت
اور
مختصر سی تیاری
HOLY COMMUNION:
INVITATION
AND SIMPLE PREPARATION
[IN THE URDU LANGUAGE.]

رفاقتِ اقدس

کے لئے

دعوت

اور

مختصر سی تیاری

HOLY COMMUNION: INVITATION AND SIMPLE PREPARATION.

[IN THE URDU LANGUAGE.]

SOCIETY FOR PROMOTING CHRISTIAN KNOWLEDGE.
NORTHUMBERLAND AVENUE, CHARING CROSS, W.C.

1888.

دعوت الهي

کسي شخص نے شام کا بڑا کھانا تيار کرکے بہتون کو بلايا - اور کھانے کے وقت اپنے نوکر کو بھيجا کہ مہمانون سے کہے کہ آؤ اب سب کچھ تيار هي - اِس پر سبھون نے ملکر عذر کرنا شروع کيا - لوقا ١٤ - ١٦ و ١٧ -

جب کبھي رفاقتِ اقدس کے لئے دسترخوان چُنا جاتا هي تو کيا ھوبھو ايسا هي وقوع مين نہين آتا - کہ خداوند يسوع مسيح دسترخوان پاس کھڑا ھوکر سب کو بلاتا هي - سب ميرے پاس آؤ تم سب اِس مين سے پيؤ کيونکہ يہہ نئے عہد کا ميرا لہو هي جو تمھارے اور بہتون کے گناھون کي معافي کے لئے بہايا جاتا هے - ميري يادگاري کے واسطے يہہ تم کيا کرو - آؤ اب سب کچھ تيار هي -

دعوت کا جواب عموماً يہي ديا جاتا هي - مين تيري منت کرتا ھون ميري طرف سے عذر کر اور ايك دوسرے کے بعد گرجا سے اُٹھکر گھر کي راہ ليتا هي -

سوچو مسیحي یارو! یہ کیا هي شرم کي بات
کہ جس کا نام هم رکھتے نہ چاهین ملاقات

وہ هر ایک کو جو باهر چلا جاتا هي خوب غور کي نگاہ سے بعینہ اُسي طرح دیکھتا هي جیسے جب وہ زمین پر تھا اور دیکھتا تھا اور واقع مین ویسا هي غمگین هوکر کہتا هي -

مین نے کتني بار چاها کہ تیرے لڑکون کو جس طرح مرغي اپنے بچون کو پرون تلے اِکٹھا کرتي هي جمع کرون پر تم نے نہ چاها - تم نے نہ چاها کہ میرے پاس آؤ -

مسیحا نرم آواز سے تو هم سے بولتا یون
مین مؤا واسطے تیرے یہ بد سلوکي کیون

بھلا جیسا خشک سلوک هم اپنے نجات دهندہ سے کرتے هین کیا کسي دوست و آشنا سے کرتے - مثلاً اگر میرا کوئي دوست مجھے اپنے پاس بلاکر کہتا کہ اے دوست میري یادگاري کے راسطے یہ کر تو کیا ممکن تھا کہ مین اُس سے کبھي اِنکار کرتا اور اپنا مُنہ موڑکر اُسے وهین کھڑا چھوڑ چل دیتا - نهین اي خداوند یسوع - مین اپنے کسي دوست سے هرگز ایسا سلوک نکرتا جیسا مین نے تجھ سے کیا -

میرے پاس آؤ ۔ درگاہ الہی مین حاضر ہونے کے کئي طریقے هین ۔ اُن سب مین سے ایک عشائے ربانی بھي هي ۔

یون تو هم جب کبھي مناجات کے لئے سربسجود ہوتے هین یا اپنے دل اُسکي طرف لگاتے هین تو هم اُسکے حضور مین موجود ہوتے هین ۔ لیکن عشائے ربانی مین خاصکر اُسکي قدمبوسي همین حاصل ہوتي هي ۔ یہ سب سے زیادہ قریب کي مواصلت هي جو همین میسر آ سکتي هي ۔ کیونکہ اِس مین خداوند کے ساتھ رفاقت ہوتي هي ۔

میں تیري مِنّت کرتا ہون میري طرف سے عذر کر ۔

لوگ ایسا جواب کیون دیتے هین ۔ بعض تو دعوت کو ناچیز سمجھکر اُسکي تحقیر کرتے هین یا تو برملا رد هي کرتے هین یا کم توجہي ظاهر کرتے هین ۔

البتہ بعض کسي معقول وجہ سے یہ جواب دیتے هین ۔ کہ میري طرف سے عذر کر ۔

اکثرون کا یہہ خیال ھي کہ مَین اپني ضرورتون مین سرتا پا مصروف ھون - روزمرہ کے کاروبار مین میرے خیال مشغول ھین - مین نے زمین خریدي ھي - مین نے پانچ جوڑي بیل مول لئے ھین - مین نے شادي کي ھي - دن بھر تو اپنے کاروبار عیال و اطفال اور باقي اَور تعلقات مین مصروف ھون - بھلا اِس جنجال مین تیاري کي فرصت کہان ھي ! اِس لِئے رفاقتِ اقدس مین شریک نہین ھو سکتا -

تیاري کے لِئے فرصت - کیا خداوند نے کبھي قید لگائي کہ جو کوئي اُسکے حضور مین حاضر ھونا چاھے اُسے بڑي سے بڑي تیاري ضرور ھي -

البتہ یہہ ھرگز نہین چاھئے کہ کوئي خدا کي بارگاہ مین بلا تامل گستاخانہ جائے - چنانچہ جب خداوند نے موسیٰ کو بلایا تو اُسے فرمایا کہ اپنے پاؤن سے جوتي اُتار - جس سے یہہ سکھانا مراد تھي کہ ھمین کمال ادب اور تعظیم کے ساتھ خدا کے حضور مین آنا چاھئے -

واجب ھي کہ موسیٰ کي مانند ھمارے دلون کي کیفیت اور معاش کا طور ایسا ھو کہ عَشائے ربانی کے واسطے خاص تیاري کي حاجت نہو - صرف

اُس موقع پر جوتي اُتارني يعني معمولي كاروبار كے خيالون سے عليحدگي ضرور هو - ليكن جس حال مين كه جاه و جلال اور عيش و عشرت كے خيالات سے همارے دماغ بهرے هوئے هين تو ضرور هي كه پهلے هم اِس امرِ اَهَم پر نظرِ غور كركے سوچ بچار كرين -

اكثرون كو تياري كي محنت گوارا نهين اِسلئے هفتون رفاقتِ اقدس سے عليحده رهتے هين - شب كو دن بهر كي محنت سے تهكے ماندے هوتے هين - علي‌الصباح اپنے كام كاج مين مصروف هو جاتے هين - اِس نظر سے مروجه رسالون كي طول طويل دعاؤن اور وردون پر دل جمانا اُنكے لئے محال هي -

خاصكر ايسے لوگون كي خاطر اِس رساله مين ساده تياري كا بيان كيا گيا - همارا خداوند نا ممكنات كا خواهان نهين - وه تمهارے كار و بار كي كثرت اور تمهاري كم فرصتي سي خود واقف هي - اور جانتا هي كه تمهين اپنے فرائض اور كام كاج مين كِس قدر سوچ بچار ضروري هي - اور اگر تم بدل و جان آرزومند هو كه اپنے خداوند كو خوش كرو -

تو وہ تمھین اُن باتون کے لئے مجبور نہین کرتا جو تمھاري طاقت کي حد سے باھر ھين -

اگر نیک نیت پہلے ہو تو آدمي موافق اُسکے جو اُسکے پاس ھي مقبول ھوگا نہ اُسکے موافق جو اُسکے پاس نہین - ۲ قر ۸ - ۱۲ -

آدمي ظاھر کو دیکھتا ھي پر خداوند دل پر نظر کرتا ھي - ۱ سمو ۱۶ - ۷ - آدمي کامون پرلحاظ کرتا ھي پر خدا دل کے ارادون کو جانچتا ھي -

جو کچھ تمھاري وسعت مین ھي کرو پر جانفشاني سے کرو نہ صرف ظاھرداري اور ناچاري سے لیکن کمال ادب و محبت سے اپنے پیارے خداوند خدا کے بدن اور خون مین شریک ھو - پس کوئي اِسلئے کہ مَین روز مرّہ کے کام کاج مین سراپا مصروف ھون - مجھے تیاري کي فرصت نہین - اپنے تئین رفاقت اقدس سے محروم نرکھے - اگر صرف پانچ منٹ کي بھي فرصت ملے تو اُسے ناچیز نہ سمجھو - اگر تیرے پاس بہت ھو (وقت) تو بھتایت سے دے - اگر تیرے پاس تھوڑا ھو تو کوشش کرکے خوشي کے ساتھ اُس تھوڑے مین سے دے - وہ تمھاري حالت سے خود واقف ھي - پس اے کم

اعتقادو کیون ڈرتے ھو - مین ھون مت ڈرو - میرے
پاس آؤ -

بعضون کے خیال اگر لفظون مین ظاھر کیے جائین
تو یون ھونگے - مین تیری منت کرتا ھون میری
طرف سے غدر کر - کیونکه مین اِس لائق نھین که
تیرے پاس آؤن - میری نیکی اِس کے لِئے کفایت
نھین کرتی -

لیکن اگر تم اپنے منجی کی دعوت کو رد کرو اور
جیسے ھو بےعذر اُسکی پاك رفاقت مین شریك
نھو تو کیا علیحدگی تمھین کچھ بھتر بنادیگی - اور
اگر تم اِس لائق نھین که اُسکے پاس آؤ تو کیا نه آنا
تمھین لائق بنائیگا -

کیا مسرف بیتا یھ خیال کرکے اپنے باپ کے پاس
آنے سے باز رھا - که مین اِس لائق نھین که تیرا بیتا
کھلاؤن - اِس کے برعکس یھی خیال باپ کے پاس
واپس آنیکا سبب تھا - اُس نے خیال کیا که اگر
مین اِسی انتظار مین رھون که کب باپ کے پاس
جانیکے لائق ھوؤن تو کبھی نه جا سکونگا - اِسلئے
جیسا تھا ویسا آیا - اِسی طرح اگر تم انتظار مین

رهو که کب رفاقتِ اقدس مین شریک هونیکے لائق هو تو کبهي شریك نه هو سکوگے ۔ اِس لِئے جیسے هو ویسے آؤ ۔ وہ صرف اتني هي لیاقت کا خواهان هي که تم اپني محتاجي کو پهچانو ۔

کیا تم اپنے تئین اُسکے محتاج نهین جانتے ۔ اگر جانتے هو تو اُس کے اِس قول پر شك مت لاؤ که جو کوئي میرے پاس آتا هي مین اُسے هرگز نکال نه دونگا ۔

یاد رکهو که هم اِسلئے رفاقتِ اقدس مین شریك نهین هوتے که هم نیك هین بلکه اِسلئے که نیك نهین هین ۔ هم اِسلئے اُسکي قدمبوسي کرتے هین که نیك بن جائین ۔ هم اِسلئے اُسکے حضور مین حاضر هوتے هین که اُسکے پاك خون سے دهوئے جائین ۔ هم اِسلئے اُسکے آستانه پر سرنگون هوتے هین که تقویت و توانائي حاصل کرین ۔

پس جو کوئي حقیقت مین مشتاق هوکر اپنے فرائض کا ادا کرنا چاهتا هي اُسے رفاقتِ اقدس مین شریك هونے سے هرگز هراسان هونا نهین چاهیئے ۔ یقین جانو که تمهارا منجي تمهاري آنیکي آرزو سے کهین زیاده تمهین قبول کرنیکا خواهشمند هي ۔

وہ تمھاري دعوت کرتا هي ـ بھلا اگر وہ تمھین نہ چاھتا تو کبھي تمھاري دعوت کرتا ـ کیا تم اُسکي دعوت کو رد کروگے ـ

شاید تم پوچھوگے کہ پھر ـ جو نا مناسب طور سے کھاتا پیتا هي وہ اپني سزا کھاتا پیتا هي ـ اِس آیت کے معنے کیا هین ـ خبردار لفظون کے صحیح معنے دریافت کرنے مین غلطي نکرنا ! اِس آیت مین لفظ نا مناسب طور سے کے معنے بے‌ادبي اور گستاخي سے هین یهي معنے بائبل کي هر ایك تفسیر مین تمھین ملینگے ـ

نا مناسب طور سے یعنے بے‌ادبي اور گستاخي سے رفاقتِ اقدس مین آنا اور اُس مین آنیکے نا لائق هونا اِن دو باتون مین آسمان و زمین کا فرق هي ـ شاید تم اپني نا لائقي پر سوچتے هو ـ کیا سب لوگ اِس پر نهین سوچتے هین یا سب کو نهین چاهیئے کہ اِس پر سوچین ـ کوئي اُس مین شریك هونیکے لائق نهین هي ـ سب نے گناہ کیا اور خدا کے جلال سے ورے رہ گئے هین ـ

هم جیسے هین بے‌عذر اپني نیکي پر نهین بلکہ اُسکي گوناگون اور بڑي رحمتون پر تکیہ کرکے اُسکے

دسترخوان پاس آتے ھین - ھم اِس لائق بھي نہین
که جو چورے چارے اُسکے دسترخوان سے گرتے ھین
چنین -

جو لوگ بلاناغه رفاقتِ اقدس مین شریك ھوتے
ھین اُنھین اپني نالائقي کا تجربه زیادہ‌تر ھو جاتا
ھي - في‌الواقع جسقدر زیادہ رحمت اور محبتِ
الٰهي کا یقین کسي کو حاصل ھي اُسیقدر زیادہ اپني
نالائقي کا پورا علم بھي اُسکو ھوگا -

ایسے ھراسان کیون ھو - مَین ھون مت ڈرو -
میرے پاس آؤ -

بعض کا یہ خیال ھي که ھمارے دل اپنے گناھون
کے سبب بہت غمگین نہین ھین اِسلئے ھمین
شریك ھونا نہین چاھیئے -

جو لوگ بڑے خوشحال ھین اور اُنکے ایامِ زندگي
خوشي و خُرمي سے بسر ھوتے ھین وہ اِس خیال سے
رفاقتِ اقدس مین شریك نہین ھوتے که اگر توبه
کي آہ و زاري کے بدلے دلشاد اور بشاش ھوکر
بارگاہِ الٰهي مین جائین تو خداوند اُنھین قبول نہین
کریگا -

آہ کیسي بڑي بھول ھي ! کیا ھمارے باپ کو اپنے فرزندون کي خوشي گوارا نہین -

تم بھول گئے - وہ سب کچھ بہتایت سے ھمین عطا فرماتا ھي - پس اُسکي عطیات سے محظوظ ھونا ناموزون نہین ھو سکتا - شاید یاد ھوگا کہ نمازِ صبح کے مزمور مین یون لکھا ھي کہ آؤ ھم خداوند کي مدح سرائي کرین اور اپني نجات کي چٹان پر زمزمہ پردازي کرین - اُسکے حضور شکر گزاري کے ساتھ آئین - گیت گاگا کے اُسکے سامنے خوشیان منائین -

اگر بائبل خاصکر زبور کے ورق اُلٹو تو اُسے رحمت اور برکاتِ الٰهي سے اُتنا ھي بھرپور پاؤگے جتنا اپنے گناھون کے اقرار سے - بلکہ آہ و زاري کي نسبت خوشي و خُرّمي سے زیادہ مملو پاؤگے -

آؤ ! خداوند کے آگے اُسکي رحمت کي ستائش کرو - شک مت کرو وہ خوشي سے تمھین قبول کریگا - دیکھو اُسنے سامري کي شکر گزاري اور ستایش کو کیسي خوشي سے قبول کیا - ایک نے اُن مین سے جب دیکھا کہ چنگا ھوًا بڑي آواز سے خدا کي تعریف کرتا ھوًا پھرا اور مُنھ کے بھل گرکے اُسکا شکر کیا - لوقا ۱۷ - ۱۵ و ۱٦ -

آہ کیسی بڑی بھول ھي ! کیا ھمارے باپ کو اپنے فرزندون کي خوشي گوارا نہین -

تم بھول گئے - وہ سب کچھ بہتایت سے ھمین عطا فرماتا ھي - پس اُسکي عطیات سے محظوظ ھونا ناموزون نہین ھو سکتا - شاید یاد ھوگا کہ نمازِ صبح کے مزمور مین یون لکھا ھي کہ آؤ ھم خداوند کي مدح سرائي کرین اور اپني نجات کي چٹان پر زمزمہ پردازي کرین - اُسکے حضور شکر گزاري کے ساتھ آئین - گیت گاگا کے اُسکے سامنے خوشیان منائین -

اگر بائبل خاصکر زبور کے ورق اُلٹو تو اُسے رحمت اور برکاتِ الہي سے اُتنا ھي بھرپور پاؤگے جتنا اپنے گناھون کے اقرار سے - بلکہ آہ و زاري کي نسبت خوشي و خُرّمي سے زیادہ مملو پاؤگے -

آؤ ! خداوند کے آگے اُسکي رحمت کي ستائش کرو - شك مت کرو وہ خوشي سے تمھین قبول کریگا - دیکھو اُسنے سامري کي شکر گزاري اور ستایش کو کیسي خوشي سے قبول کیا - ایك نے اُن مین سے جب دیکھا کہ چنگا ھوا بڑي آواز سے خدا کی تعریف کرتا ھوا پھرا اور مُنھ کے بھل گرکے اُسکا شکر کیا - لوقا ۱۷ - ۱۵ و ۱۶ -

کیا تم بھی جب شادمان اور فارغ البال ہو تو اُسی طرح خدا کی تعریف کرتے ہوئے اکثر نہین پھروگے که اپنے نجات دہندہ کے قدمبوس ہو ۔

مین خداوند کو اُسکی ساری نعمتون کے عوض مین جو مجھے ملین کیا دون ۔ مین نجات کا پیاله اُٹھاؤنگا اور خداوند کا نام پکارونگا ۔

آؤ اپنا سب کچھ یعنی اسبابِ خوشی و خُرّمی ۔ دوست و رفیق ۔ صحت و تندرستی اور باقی سب برکاتِ دو جہانی کو اُنکے عطا فرمانیوالے کے قدمون پر رکھکر اپنی خوشی کو سلامتی اور شکرگزاری کی قربانی سے بدل ڈالو ۔ خوشی سے خداوند کی عبادت کرکے گاتے ہوئے اُسکے حضور آکے سب نعمتون کے لئے شکرگزاری کرو اور یون اپنی خوشی کی تقدیس کرو ۔

پس اِسلئے که گناہ کے باعث تم اپنی بد بختی کو بخوبی معلوم نہین کرسکتے ۔ رفاقتِ اقدس سے محروم نه رہو ۔ اور نه اُسکی خاطر اپنے پر جبر کرنیکی تم کوشش کرو ۔ خدا تو تمہارے دل کے حال سے آگاہ ہے ۔ جیسے ہو ویسے اپنے تئین اُسکے سپرد کرو ۔

کرو - تمھین معلوم ھو جائیگا که خداوند جیسا رونیوالون کے ساتھ رونیکو ویسا ھي خوشوقتون کے ساتھ خوش ھونیکو تیار ھي - آؤ اِس برکت کو حاصل کرو -

میرے پاس آؤ -

بعض رفاقتِ اقدس سے اِسلئے باز رھتے ھین که اُس کي طرف سے اُنکے دل سرد ھین - اُن شخصون کو ھم کیا کہین جو آگ سے اِسلئے دور رھتے ھین که اُنھین سردي لگ رھي ھي - اگر ھمارے دل اپنے نجات دھنده کي طرف سے سرد ھون تو زیاده‌تر ھمارے لئے پر ضرور ھي که اُسکے پاس آئین اور دریافت کرین که اُسکو ھم مین سے ھر ایك کے ساتھ کیسي دلسوزي اور محبت ھي - اِسے لے اور کھا اِس بات کي یادگاري مین که مسیح تیرے لئے موٗا - ھمارے خداوند یسوع مسیح کا لھو جو تیرے واسطے بھایا گیا - محال ھي که ھم ایسے محبت کے آستانه پر آئین اور بےتاثیر رھین - وه کون ھي جو شیرین چشمه پاس پھنچکر تھوڑي سي شیریني سے بھي محروم رھتا ھو - یا ایسا

کون هي جو دهکتي آگ کے پاس کهڑا هوکر تهوڑي سي تپش اور روشني بهي حاصل نکرتا هو -

اگر دین کي طرف سے تمهارا دل سخت اور سرد هي تو خاصکر تمهین پاك رفاقت مین شریك هونا ضرور چاهئے - تاکه تازه سرگرمي اور نور حاصل کرو- تم تو اُسکے زیاده‌تر محتاج هو- بهلے چنگون کو حکیم درکار نهین بلکه بیمارون کو- فرشتے رفاقتِ اقدس کے محتاج نهین هین - صرف هم جیسے شیرگرم اور سرد دل گناهگارون کے لِئے جنکے خاطر مسیح مؤا - اُسنے اپني رفاقت کي بخشش عطا فرمائي هي -

ایسے هراسان کیون هو - میرے پاس آؤ -

کیا یهه کهوگے که میري اتني عمر عشائے ربّاني کے بغیر گزري یا سال مین ایك دو دفعه شریك هؤا - کیا ضرور هي که اب مَین اپنے طریق کو بدلون -

کیا تم ایسے کامل ہوگئے ہو کہ اور ترقي کرني تمھارے لئے ضرور نہین -

بے شك رفاقتِ اقدس عموماً مفید سمجھي جاتي هي - یعني یہہ کہ وہ فضل کا وسیلہ اور روح کي طاقت اور تر و تازگي کا ذریعہ هي - کیا تمھین ایسا کمال حاصل هي کہ اُسکے بغیر تم اپنے کامون کو انجام دے سکتے ہو یا صرف کبھي کبھي مدد کي حاجت ہوتي هي -

تم اپنے خداوند سے بہتر نہین جانتے - اُسنے فرمایا هي کہ میري یادگاري کے لِئے اِسے کیا کرو - کیا خداوند کبھي بےسود اور بےضرور کام بھي ارشاد کرتا -

کیا یہہ نہین چاهئے کہ جہانتك تمھاري رسائي هي ہرایك وسیلہ کو کام مین لاکر فضل مین بڑھنے کي کوشش کرو -

خود مقدّس پولوس کیا فرماتے ہین - ہنوز ایسا نہین کہ مَین پاچُکا اور اب تك مَین کامل نہین ہوٴا . . . . اے بھائیو میرا یہہ گمان نہین کہ مین پکڑچکا ہون . . . . سیدھا نشان کي طرف (زور کرکے) چلا جاتا ہون -

اگر تمھین اب تک اِس فیض کے چشمہ سے غفلت رھي اور اپني ذات کي سچي دینداري اور ایمان کي ترقي کے لِئے تند ھي مین بےپروائي کي ۔ تو اب بیدار ھوجاؤ اور اپنے اِس مختصر طریقه کي اصلاح کرو ۔ اور تقدیس کي راه مین زور کرکے آگے بڑھو ۔ خداوند مسیح نے یہه اندازه مقرر کیا ھي که تم کامل ھو ۔ پس اُسي کے پاس آؤ ۔ وه اِس کمال کے اندازه تک پہنچنے کے لئے تمھاري یاوري کریگا ۔

رفاقتِ اقدس تو دینداري کا علانیه اقرار ھي ۔

یا دوسرے لفظون مین یون کہین که تمھارا دل ڈرتا ھي که اگر مین رفاقتِ اقدس مین جاؤن تو یہه اپنے منجي کي خدمت مین جتني دللھي مین کرتا رھا ھون اُس سے زیاده‌تر دللھي کا سبب تو ھوگا لیکن في الحال مین اپني معمولي حالت سے ترقي کرني نہین چاھتا ۔

چاھئے که ایسے بیھوده خیالات کو نه جمنے دو ۔

یاد کرو که اصطباغ کے وقت صلیبي خط اِس بات کا نشان تمهارے ماتهے پر کهینچا گیا تها که تم مسیح کے وفادار سپاهي اور خدمت‌گزار بنے رهوگے - وه اپنے هر ایك سپاهي اور خدمتگزار کو فرماتا هي که دیندار هو اور دم نه لے جب تك که کمال کو حاصل نکرلے - تم دیده و دانسته نافرمانبرداري کي جرأت کسطرح کرسکتے هو -

ڈرو مت - وه طاقت سے زیاده تمهین نهین چلا نیکا - عمر کے انداز سے تمهاري طاقت هوگي - اگر حتي‌الامکان رفاقتِ اقدس مین شریك هوکر مهینے کے مهینے اور برس کے برس ثابت قدمي سے بڑهتے چلے جاؤ تو اُس سے تمهارا دل کبهي اُداس نهین هونیکا جیسا که تمهارا اب گمان هي - که خداوند کي روزافزون خدمت مجهے تنگ کریگي بلکه تم اِس بات کے مشتاق اور خواهشمند هوگے که کیونکر اُسے زیاده خوش کرو -

دینداري کا علانیه اقرار هر ایك پر لازم هي -

تمهاري روشني آدمیون کے سامهنے ایسي چمکے که وه تمهارے نیك کامون کو دیکهین اور تمهارے باپ کي جو آسمان پر هي ستایش کرین -

تمھارے نمونہ سے نیکوکاري کے لِئے اورون کي ھمت بندھے کیونکہ نمونہ پند سے زیادہ‌تر سودمند ھي -

---

دینداري کے علانیہ اقرار پر اپنے دوست آشناؤن کے اِستہزا کا خوف بھي تمھارے دل مین ضرور ھي - اِسیکے باعث رفاقتِ اقدس مین شریک ھونے سے جھجکتے ھو -

کیا یہ بزدلي نہین ھي - البتہ بہتر ھونے کے واسطے کسي کي مختصر سي کوششون کو ھنسي کا نشانہ بنانا نہایت ھي ناگوار اور تکلیف کا باعث ھي - یہ ایسي ایذا رساني ھي کہ جس سے واقعي دل آزاري ھوتي ھي اور ایسي جس سے حالتِ اضطراب مین اکثر بڑا خطرہ ھوتا ھي کہ اپني ھمت ھار دین -

اے طعنہ کے مغلوب ! واہ یہ کیسي فاش شکست ھي ! ذرہ تامل سے ایسے شخص کي حالتِ زار پر غور کرو جو خداوند سے کہے اے

خداوند مین تیري پاك رفاقت کا آرزومند تو هون پر کیا کرون لوگون کے اِستہزا سے ڈرتا هون ! اور یہہ بات غور کے قابل بھي هي که وه خداوند یسوع مسیح سے ایسا کہہ رها هي ! ـ

نہین هرگز نہین ـ تم ضرور بلند پرواز هوسکتے هو! قاعده کي بات هي که تمھارے دوست آشنا شروع شروع مین تو تمھاري خیر اندیش کوششون پر ٹھٹھا مارینگے لیکن اِس سے بہت جلد اُنکے دانت کھٹے هوجائینگے اور تم آرام پاؤگے ـ

بفرض محال ـ اگر طعن تشنیع سے صرف عداوت هي بڑھے ـ تو کیا مضائقه هي ـ کیا تم رباني تعریف سے انساني تعریف کے زیاده خواهشمند هو ـ پھر ایسون کي جو بدي کي پیروي مین تو تمھارے خلاف اُف نہین کرتے ـ صرف نیکوکاري سے روکنا پسند کرتے هین ـ اُنکي یاوه گوئي کي پروا کرني کیا ضرور هي ـ

چاهئے که هر مرد اور عورت هر لڑکا اور لڑکي واجبات پر بلا روئے و رعایت عمل کرنے کي قابلیت اپنے مین رکھے ـ اُنھین خنده زني کرنے دو تم اپنے نفس پر قابض هو کے اُن کي طعنه زني کو هیچ

سمجھو - مسیح کي خاطر طنزآمیز اذیت کي
ایسي برداشت کرو جیسي خود خداوند کرتا تھا -
جو گالي کھا کے گالي نه دیتا تھا - تم اُسکا کچھ
لحاظ نکرو - صرف اپنے پاؤن کي خاك سمجھو -
اُسکے مغلوب نه هوجاؤ - اگر تم خداوند کي پاك
رفاقت کے خواهشمند هو تو ایسي ایسي خفیف
مزاحمتون سے مت رُکو -

دانئیل کي مانند بنو - زمانه کي مخالفت مین
قائم رهو - اراده کو پورا اور اُسے سب پر ظاهر
کرو -

کیا فاني انسان کا خوف کرتے هو - اُنهین اپني
کمان کھینچنے دو تاکه کڑوي باتون کے تیر چلائین -
خدا میري طرف هي - مَین نهین ڈرنیکا انسان
میرا کیا کرسکتا هي -

آخر کار اگر تم یهه خیال کرو که مین رفاقت اقدس
مین کیون شریك هوؤن - تو دیکھو اگر اَور کوئي

وجه نہین تو یہي سمجھہ لو که خداوند کا حکم هي ـ تمهارا منجي چاهتا هي که تم آؤ ـ کم سےکم اتنا تو کرسکتے هو که اُسکي رضا پر راضي رهو ـ

اور جو تم یہہ کہو که مین تو رفاقتِ اقدس کا مطلب بخوبي نہین سمجھتا ـ پس اگر تم اِسکے مسئلون کو سمجھنا چاهتے هو تو خداوند کے فرمان کي متابعت کرو اُسکي خدمت مین آؤ وه تمهین تعلیم دیگا ـ جو شخص اُسکي مرضي پر چلنا چاهے وه اُسکي تعلیم کو جانیگا ـ یہہ قول جیسا اَور مسئلون پر صادق آتا هے ویسا هي اِس مسئله پر بهي ـ پس آؤ ـ وه خود تمهین سکھائیگا ـ

خدا اپنا خود مفسّر هي ـ وه اِسے صاف کردیگا ـ اگر رفاقتِ اقدس مین شریك هوتے رهو تو اُسکے سمجھنے مین ترقي کرتے رهوگے ـ

عشائے ربانی کي نماز سے بتدریج سیکھ سکتے هو ـ اور اگر کلیسیا کے سوال و جواب کا دوسرا

حصه دو ایك دفعه غور سے پڑھو تو بڑي مدد ملیگي -

لیکن همیشه یاد رکھو که رفاقتِ اقدس ایك ایسا بھید هي جسے پورے طور سے کوئي نهین سمجھ سکتا - لفظون سے اُسکي تشریح ناممکن هي -

یه خود مسیح کا فرموده هي - اُسنے روٹي لي اور توڑي - اُسکے کلام کي تاثیر سے وه جو کچھ هوجاتي هي مَین اُسے اعتقاد سے لیتا هون -

اکثر لوگ اُن سمجھي باتون کے بھید دریافت کرلیکي تگ و دو مین روحاني دلسوزي سے محروم رهے هین - ایسي ساده لوحي مبارك هي جس مین اعتراض اور بحث کے دشوار گزار راسته کو چھوڑ کر شریعتِ الهي کے هموار اور قائم راسته پر قدم مارین -

رفاقتِ اقدس کا حکم صاف صاف دیا گیا - یه کرو - لو کھاؤ - تم سب اِس سے پیؤ - اگر اب بھي تردد مین هو تو جو اُوپر بیان هوُا اُسے غور سے پڑھو - وهان تم اپنے اعتراضون کا جواب پاؤگے

پس خالص اور کامل ایمان سے نزدیك آؤ اور گدایانه تعظیم و تکریم سے رفاقتِ اقدس مین شریك

ھو اور جو کچھ تم سمجھ نہین سکتے ھو اُسے بے خوف و خطر قادرِ مطلق خدا کے سپرد کرو۔ مین ھون۔ مت ڈرو۔ میرے پاس آؤ۔

مَین جیسا ھون نہ عذر کر
صرف تیرے خون پر آسرا دھر
اور تکیہ تیري دعوت پر
تجھ پاس اے برّہ آتا ھون

رفاقتِ اقدس کے لِئے مختصر تیاری

رفاقتِ اقدس کے لیے مختصر تیاری

خدا ہم سے ناممکنات کا طالب نہین ۔ وہ جانتا هي جب ہم مصروف ہین ۔ وہ واقف هي جب ہم درماندہ ہین ۔ روح ہماري کمزوریون مین مدد کرتا هي ۔

خداوند فرماتا هي ۔ میرے پاس آؤ ۔ مین تمھین آرام دونگا ۔ ہماري روحون کے آرام اور استحکام کے لیے اُس نے رفاقتِ اقدس کو مقرر کیا ۔ ہم اُسے بھاري بوجھ نہ بنائین ۔ چند دعائین ۔ جنکے استعمال کي صلاح مین دیتا ہون ۔ کتابِ نماز سے نقل ہوئین کیونکہ وہ رفاقتِ اقدس سے متعلقہ خاص خیالات کي طرف دل کو رجوع کرتي ہین ۔ یہي خیالات اپنے لفظون مین واضح کرکے بذریعۂ دعا پیش کیے جاسکتے ہین ۔

اور یہہ بھي مفید هي کہ جماعت کي عبادتِ عام کي دعاؤن سے واقفیت بخوبي حاصل ہو ۔ اور جو ابھي ہم اِس قابل نہین ہین کہ اپنے خیالات

کو اپنے الفاظ مین ادا کرسکین - تو اِس سے بھتر اَور کوئي طریقه نهین که هم اُن دعاؤن اور گیتون کا استعمال کرین جو هزارون مسیحي بھائیون کے استعمال سے مقدّس هوچکے هین - چند گیتون کو بطورِ دعا هم نے اِسلئے چُن لیا هي که اِنکا زباني حفظ کرنا آسان هي -

---

جمعرات کا روز -

(رفاقتِ اقدس سے پیشتر)

روزمرّه کي دعاؤن کے ساتھ ذیل کي دعائین پڑھو -

اے خداوند مُجھ پر رحم کر -

اے مسیح مُجھ پر رحم کر -

اے خداوند مُجھ پر رحم کر -

اے قادرِ مطلق اور همیشه کے خدا جو میرے دعا مانگنے کي نسبت سُننے پر همیشه زیاده مستعد رهتا اور میري آرزو اور لیاقت کي نسبت زیاده مجھکو دینیوالا هي اپني رحمت کثرت سے مجھ پر نازل کر اور جن باتون سے میرا دل ڈرتا هي اُنهین

معاف فرما اور وہ اچھي چيزين مجھے دے جنکے مانگنے کے مَين لائق نهين ـ مگر تيرے بيٹے همارے خداوند يسوع مسيح کے ثواب اور سفارش کے سبب ـ آمين ـ (تثليث کے بعد بارهوين اتوار کي دعا)

اے رحيم خداوند مَين گستاخي سے اپني نيکي پر نهين بلکه تيري گوناگون اور بڑي رحمتون پر تکيه کرکے تيرے دسترخوان پاس آتا هون ـ مَين اِس لائق نهين که جو چورچار تيرے دسترخوان سے گرتے هين چنون پر تو وهي خداوند هي جس کا خاصه سدا رحم فرمانا هي ـ اسواسطے اے مهربان خداوند يه بخش که مَين تيرے بيٹے يسوع مسيح کے گوشت کو اِس طور سے کهاؤن اور اُسکے لهو کو اِس وضع سے پيئون که ميرا گناهگار بدن اُسکے بدن سے پاك هوجائے اور ميري روح اُسکے بيش قيمت لهو سے دهوئي جاوے اور مَين اُس مين هميشه رهون اور وہ مجهه مين ـ آمين ـ

(عشائے رباني کي نماز)

جمعہ کا روز

(وفاتِ اقدس سے پیشتر)

غور سے ذیل کی باتوں کو پڑھو -

سُنو کہ ھمارا نجات دینیوالا مسیح کیسی تسلی کی باتیں اُن سب کو جو اُسکی طرف سچائی سے متوجہ ہوئے ہیں فرماتا ہی -

اے لوگو جو تھکے اور زیربار ھو تم سب میرے پاس آؤ کہ میں تمھیں آرام دونگا - متی ۱۱ - ۲۸ -

خدا نے جہان کو ایسا پیار کیا کہ اُسنے اپنا اِکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئی اُس پر ایمان لاوے ھلاک نہ ہوئے بلکہ ھمیشہ کی زندگی پاوے - یوحنا ۳ - ۱۶ -

جو مقدّس پولوس کہتا ھی وہ بھی سُنو -

یہ بات برحق اور بالکل پسند کے لائق ھی کہ مسیح یسوع گناھگاروں کے بچانے کے لیے دنیا میں آیا - ۱ طمطاؤس ۱ - ۱۵ -

جو مقدّس یوحنا کہتا ھی وہ بھی سُنو

اگر کوئی گناہ کرے تو یسوع مسیح جو عادل ھی

جمعہ کا روز

(رفاقتِ اقدس سے پیشتر)

غور سے ذیل کي باتون کو پڑھو -

سُنو کہ همارا نجات دینیوالا مسیح کیسي تسلي کي باتین اُن سب کو جو اُسکي طرف سچائي سے متوجہ هوتے هین فرماتا هي -

اے لوگو جو تھکے اور زیرِبار هو تم سب میرے پاس آؤ کہ مین تمھین آرام دونگا - متي ۱۱ - ۲۸ -

خدا نے جہان کو ایسا پیار کیا کہ اُسنے اپنا اِکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئي اُس پر ایمان لاوے هلاك نہ هوئے بلکہ همیشہ کي زندگي پاوے - یوحنا ۳ - ١٦ -

جو مقدّس پولوس کہتا هي وہ بھي سُنو -

یہہ بات برحق اور بالکل پسند کے لائق هي کہ مسیح یسوع گناهگارون کے بچانے کے لِئے دنیا مین آیا - ۱ طمطاؤس ۱ - ١٥ -

جو مقدّس یوحنا کہتا هي وہ بھي سُنو

اگر کوئي گناہ کرے تو یسوع مسیح جو عادل هي

باپ پاس ہمارا شفیع ہے اور وہ ہمارے گناہوں کا کفارہ ہے - ۱ یوحنا ۲ - ۱ و ۲ - (عشائے ربانی کی نماز)

روز مرّہ کی دعاؤں کے ساتھہ ذیل کی دعائیں پڑھو

اے خداوند مجھہ پر رحم کر -

اے مسیح مجھہ پر رحم کر -

اے خداوند مجھہ پر رحم کر -

اے قادرِ مطلق اور ہمیشہ کے خدا جو میرے دعا مانگنے کی نسبت سُننے پر ہمیشہ زیادہ مستعد رہتا اور میری آرزو اور لیاقت کی نسبت زیادہ مجھہ کو دینیوالا ہے - اپنی رحمت کثرت سے مجھہ پر نازل کر اور جن باتوں سے میرا دل ڈرتا ہے اُنہیں معاف فرما اور وہ اچھی چیزیں مجھے دے جنکے مانگنے کے مَیں لائق نہیں مگر تیرے بیٹے ہمارے خداوند یسوع مسیح کے ثواب اور سفارش کے سبب - آمین - (تثلیث کے بعد بارھویں اتوار کی دعا)

اے رحیم خداوند مَیں گستاخی سے اپنی نیکی پر نہیں بلکہ تیری گوناگون اور بڑی رحمتوں پر تکیہ کرکے تیرے دسترخوان پاس آتا ہوں - میں اِس لائق نہیں کہ جو چورے چارے تیرے دستر

خوان سے گرتے ھین چُنون - پر تو وھي خداوند ھي جس کا خاصه سدا رحم فرمانا ھي - اسواسطے اے مہربان خداوند یہہ بخش که مَین تیرے بیٹے یسوع مسیح کے گوشت کو اِس طور سے کھاؤن اور اُس کے لہو کو اِس وضع سے پیؤن که میرا گناھگار بدن اُسکے بدن سے پاك ھوجائے اور میري روح اُسکے بیش قیمت لہو سے دھوئي جائے اور مَین اُس مین ھمیشه رھون اور وہ مجھہ مین - آمین -

---

سنیچر کا روز -

(رفاقتِ اقدس سے پیشتر)

ذیل کي باتون کو پڑھو جو کلیسیا کے سوال و جواب سے نقل ھوئین -

عشائے رباني مین جو شریك ھوُا چاھتے ھین اُنھین کیا کیا ضرور ھي -

یہہ که آیا وہ اپنے تئین آزما کے اپنے پچھلے گناھون سے حقیقي توبه کرتے اور نئي چال چلنے کا مضبوط اراده رکھتے اور مسیح کے وسیلے سے خدا

کے رحم پر زندہ ایمان رکھتے اور شکر گزاري سے
اُسکي موت کو یاد اور سب آدمیون سے محبت
رکھتے ھین یا نہین ۔

یہہ دعا مانگو۔

اے خداوند خدا تیرے حضور سب کے دل کا حال
کھلا ھي اور تجھ سے کوئي بھید چھپا نہین ۔ مَین
تیري مِنت کرتا ھون مجھے اپنے روح القدس کي
مدد بخش کہ مَین اپنے دل کے بھیدون کو جانون اور
اپني گناھگاري کو معلوم کرون ۔ تاکہ تیرے حضور
اپنے گناھون کا اقرار کرکے تجھ سے مغفرت حاصل
کرون ۔ ھمارے درمیاني اور شفیع یسوع مسیح کي
خاطر سے ۔

اگر ھم اپنے گناھون کا اقرار کرین تو وہ ھمارے
گناہ بخشنے مین صادق القول اور عادل ھي ۔
ا یوحنا ۱ ۔ ۹ ۔

چند منٹ تک سوچو (اگر ھو سکے تو سجدہ کرو)

(۱) مین نے کیا کیا ھي جوجائز نہ تھا ۔
قول سے ۔
فعل سے ۔
خیال سے ۔

(۲) مین نے کیا نہین کیا هي جو جائز تها -

امورات ذیل مین جو تم پر لازم هین - جنکا کرنا تم پر فرض هي - اپني آزمائش کرو - اور کوشش کرکے دریافت کرو که کہان کوتاهي هوئي -

مجهه پر خدا کا حق یهه هي

أس پر اعتقاد رکهنا

أس سے ڈرتے رهنا

أس سے محبت رکهنا - اپنے سارے دل سے

اپني ساري سمجهه سے

اپني ساري جان سے

اپني ساري طاقت سي

أسکي پرستش کرني (گرجا کي عبادت)

أسکا شکر کرنا

أس پر اپنا پورا بهروسا رکهنا

أسے پکارتے رهنا (روز مرّه کي دعا و مناجات)

أسکے پاك نام اور کلام کا ادب بجا لانا (روز مرّه کي تلاوت)

تمام عمر دل سے أسکي بندگي کرتے رهنا -

(۲) مین نے کیا نہین کیا ھي جو جائز تھا ـ

امورِاتِ ذیل مین جو تم پر لازم ھین ـ جنکا کرنا تم پر فرض ھي ـ اپني آزمائش کرو ـ اور کوشش کرکے دریافت کرو که کہان کوتاھي ھوئي ـ

مجھہ پر خدا کا حق یہہ ھي
اُس پر اعتقاد رکھنا
اُس سے ڈرتے رھنا
اُس سے محبت رکھنا ـ اپنے سارے دل سے
اپني ساري سمجھہ سے
اپني ساري جان سے
اپني ساري طاقت سي
اُسکي پرستش کرني (گرجا کي عبادت)
اُسکا شکر کرنا
اُس پر اپنا پورا بھروسا رکھنا
اُسے پکارتے رھنا (روز مرّہ کي دعا و مناجات)
اُسکے پاك نام اور کلام کا ادب بجا لانا (روز مرّہ کي تلاوت)
تمام عمر دل سے اُسکي بندگي کرتے رھنا ـ

همسائه کا حق مجھ پر یہہ هي -

اُسے ایسا عزیز رکھنا جیسا اپنے تئین - اور سب آدمیون سے وہ سلوك کرنا جو مین چاهتا هون که وہ مجھ سے کرین -

اپنے ما باپ کي محبت عزت اور مدد گاري کرني -

ملکه اور اُن سب کي جو اُسکي طرف سے اختیار رکھتے هین عزت اور فرمانبرداري کرني -

اپنے سب حاکمون - سکھلانےوالون - دین کے اُستادون اور خاوندون کے تابع رهنا -

جو مجھ سے مرتبه مین بڑھکر هین اُنکا ادب اور لحاظ کرنا -

کسي کو نه قول نه فعل سے دکھ پهنچانا -

اپنے تمام کار و بار مین سچا اور راستباز رهنا -

اپنے دل مین کینه اور دشمني کو جگهہ نه دینا -

اپنے هاتھون کو چوري چکاري سے -

اور اپني زبان کو بُرا کهنے - جھوٹھ بولنے اور تهمت لگانے سے باز رکھنا -

اپنے بدن کو پرهیزگاري ـ هوشیاري اور پاکیزگي سے رکھنا ـ
کسي کے مال کا لالچ اور خواهش نه کرنا ـ
بلکه یہ سیکھنا اور کوشش کرنا که وجهٔ حلال سے اپني روزي پیدا کرون ـ
اور جس حالت مین مجھے رکھنا خدا کو منظور هي ـ اِس مین جو کچھ مجھ پر فرض اور واجب هي اُسے ادا کیا کرون ـ
تب یہ دعائین مانگو

اے خداوند مجھ پر رحم کر
اے مسیح مجھ پر رحم کر
اے خداوند مجھ پر رحم کر

اے قادرِ مطلق اور کمال رحیم باپ مین نے خطا کي هي ـ اور کھوئي هوئي بھیڑ کي مانند تیري راهون سے بھٹك گیا هون ـ مین اپنے دل کے منصوبون اور خواهشون پر بهت هي متوجه هوا ـ مین تیرے پاك حکمون کے برخلاف چلا هون ـ جو مجھ کو کرنا لازم تھا سو مین نے نهین کیا ـ اور جو کرنا لازم نه تھا سو مین نے کیا ـ اور مجھ مین کچھ سلامتي نهین هي ـ

لیکن اے خداوند مجھ بیکس ناچار گناھگار پر رحم کر - اے خدا مجھکو جو اپني تقصیرون کا اقرار کرتا ھون چھوڑ دے - مجھے جو توبہ کرتا ھون بحال کر - اُن وعدون کے موافق جو تو نے ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے انسان سے کئے ھین - اور اے کمال رحیم باپ اُسکي خاطر یہہ بخش کہ آگے کو مین دیںداري نیکوکاري اور پرھیزگاري سے چلون تاکہ تیرے پاک نام کي بزرگي ظاھر ھو - آمین - (صبح کي نماز سے اقرارِ عمیم)

اُسکے بیٹے یسوع مسیح کا لھو ھم کو سارے گناہ سے پاک کرتا ھي - ۱ یوحنا ۱ - ۷ -

محنت میري ھي بےکام   رونے سے دل بےآرام
ملتي ھین صرف تکلیفات   اُن سے نھین ھي نجات
محنت میري ھي بےکار   جو نہ ھو تو مدد گار

اے رحیم خداوند مَین گستاخي سے اپني نیکي پر نھین - بلکہ تیري گوناگون اور بڑي رحمتون پر تکیہ کرکے تیرے دسترخوان پاس آتا ھون - مَین اِس لائق نھین کہ جو چورے چارے تیرے دسترخوان

سے گرتے ھین چُنون ـ پر تو وھي خداوند ھي جس کا خاصه سدا رحم فرمانا ھي ـ اِسواسطے اے مہربان خداوند یہہ بخش که مَین تیرے پیارے بیٹے یسوع مسیح کے گوشت کو اِس طور سے کھاؤن اور اُسکے لہو کو اِس وضع سے پیؤن که میرا گناھگار بدن اُسکے بدن سے پاك ھوجائے اور میري روح اُسکے بیش قیمت لہو سے دھوئي جائے اور مَین اُس مین ھمیشه رھون اور وہ مجھه مین ـ آمین ـ

اتوار کي صبح ـ عبادتِ عام سے پیشتر ـ
دعا

اے رحیم خداوند مَین گستاخي سے اپني نیکي پر نہین بلکه تیري گوناگون اور بڑي رحمتون پر تکیه کرکے تیرے دسترخوان پاس آتا ھون ـ مَین اِس لائق نہین که جو چورے چارے تیرے دسترخوان سے گرتے ھین چنون ـ پر تو وھي خداوند ھي جسکا خاصه سدا رحم فرمانا ھي ـ اسواسطے اے

مہرباں خداوند ہم بخش کہ میں تیرے پیارے بیٹے یسوع مسیح کے گوشت کو اس طور سے کھاؤں اور اسکے لہو کو اس وضع سے پیؤں کہ میرا گناھگار بدن اسکے بدن سے پاک ہوجائے اور میری روح اسکے بیش قیمت لہو سے دھولی جائے اور میں اس میں ہمیشہ رھوں اور وہ مجھہ میں ۔ آمین ۔

گیت (سجدہ کرکے)

۱ میں جیسا ھوں نہ عذر کر
صرف تیرے خون پر آسرا دھر
اور تکیہ تیری دعوت پر
تجھہ پاس اے برّہ آتا ھوں
۲ میں جیسا ھوں بلا تاخیر
کہ جان کے داغوں سے تطہیر
صرف تیرے خون کی ھی تاثیر
تجھہ پاس اے برّہ آتا ھوں
۳ میں جیسا ھوں دل پریشان
گھبراھٹ ۔ قلق ۔ خوف ۔ گمان
اندیشوں سے بالکل حیران
تجھہ پاس اے برّہ آتا ھوں

۴ مین جیسا هون ضعیف لاچار
جو صحت زور و مال درکار
مجھے تو دینے کو تیار
تجھ پاس اے برّہ آتا هون
۵ مین جیسا هون سو اے غفور
قول تیرا مجھے هي منظور
نجات و پاکي هي ضرور
تجھ پاس اے برّہ آتا هون
٦ مین جیسا هون روک ٹوک تو سب
پیار تیرے سے هین دور اے ربّ
صرف تیرا هون هان تیرا اب
تجھ پاس اے برّہ آتا هون
۷ مین جیسا هون پیار بے پایان
اور اُسکي کثرت کا عرفان
تا حاصل هو دونون جہان
تجھ پاس اے برّہ آتا هون

تب خوشي سے پورے بھروسے کے ساتھ آؤ - اور اپنے گناهون کي مغفرت اور اُسکي برکتون کا رهن حاصل کرو - جسے وہ سبکو مفت عطا فرماتا هي جو اُسکے پاس آئے هين -

عبادت کے وقت ـ

کسي عبادت خیز رساله کے مطالعه سے اپنا دل پریشان مت کرو ـ صرف کتاب نماز کي عبادت پر دل لگاؤ ـ مَین جانتا هون که ایسے رسالے اکثرون کے مانوسِ طبع هین لیکن میرا تجربه تو یه هي که جب تك اِن کے استعمال کو مین نے ترك نهین کیا تب تك رفاقت کي حقیقت کو نهین جانا ـ

شاید تم کهوگے که جب تك بهت سے لوگ عشائے رباني مین شریك هوتے رهین ـ مَین اتنا وقت کیونکر صرف کرون ـ تمام وقت دعا نهین مانگ سکتا ـ خواه مخواه میرے خیال پراگنده هونگے ـ

اِس سوال کا کافي جواب مین ایك خط کے چند قول انتخاب کرکے دیتا هون جو مجھے اِسي مضمون پر لکھا گیا ـ

قوله ـ عشائے رباني کے وقت مَین کسي رساله کو کام مین نهین لاتا هون ـ ورنه مَین اپني کل اطمینان راحت اور برکت کو برباد کرتا ـ

شاید پوچھوگے کہ میں کیا کرتا ہوں ـ میں
سجدہ کرکے کچھ وقت تو دعا میں اور کچھ متفرق
باتوں پر غور میں صرف کرتا ہوں ـ چنانچہ میں
کسی برکت پر جو میں نے پائی ہی سوچتا اور خدا کا
شکر ادا کرتا ہوں ـ پھر میں کسی دُکھ یا تکلیف
پر جو میں نے پائی دھیان کرتا ہوں اور بارہا صرف
اِسی حالت میں دس پندرہ مدت تک برابر
سجدہ میں رہکر اِسی کے ہر پہلو پر سوچتا رہا ـ
حتی کہ آخرکار اُس برکت کا جلوہ نظر آنے لگا جو
اُس میں پنہان تھا ـ البتہ میں اپنے عیال و اطفال
اور دوستوں کی نسبت بھی سوچتا ہوں ـ ہمیشہ
اُنکے واسطے دعا تو نہیں مانگتا ہوں ـ صرف اُسکے
قدموں پر اُنہیں ڈالدیتا ہوں ـ اور وہیں اُنہیں کمال
اطمینان اور راحت میں دیکھتا ہوں ـ میں کس
طرح کسی رسالہ کو کام میں لاؤں ـ خدا اپنی جنابِ
مبارک کی جانب رسالوں کے ذریعہ ہدایت اور
راہنمائی نہیں کرتا ہی ـ بلکہ اپنی حضوری کے
آستانہ پر سرنگون اور مقیم رہنے سے اپنی قربت
اور دیدار بخشتا ہی ـ خواہ کچھ نکریں ـ منتھی
پس میں چاہتا ہوں کہ اِس مختصر رسالہ کو گھر

چھوڑو۔ اور کتابِ نماز کي عبادت مين کمال توجه سے شريك هو۔

عبادت مين جب وقفه ملے تو سجده کرکے اپني آنکھين ڈھانپو کيونکه اگر تمهاري نگاه اِدھر اُدھر پڑے تو تمهارے خيالات بھي پراگنده هونگے ۔ اگر تمام وقت دعا نهين مانگ سکتے هو تو اپنے منجي کے مبارك قدمون پر خاموش پڑے رهو اور اُسکے وعده کو ياد کرو۔ جهان دو يا تين ميرے نام پر اکٹھے هون ۔ وهان مين اُنکے بيچ مين هون ۔

حالتِ خاموشي مين اگر کوئي خيال دل مين پيدا هو۔ تو فوراً اپنا دل خداوند کي طرف رجوع کرو اور اپنا خيال اُسے بتاؤ۔ اور اپنے خداوند سے آمنے سامنے اِسطرح گفتگو کرو که گويا وه پھر روئے زمين پر هوتا ۔ اور يون تمهارے اور خداوند کے درميان پاك رفاقت هو۔

بهتر هوگا که ذيل کے گيت زباني حفظ کئے جائين ۔ اغلب هي که رفاقتِ اقدس کے وقت ذاتي تجربه سے جانوگے که تمهارا دل انهين مشهور گيتون کے ساده الفاظ مين خود بخود اپنا اظهار کرنا چاهيگا ۔

رفاقتِ اقدس سے پہلے -

سجدہ کرکے یہ گیت پڑھا جائے

۱ یسوع تو ہی میری آس آتا ہوں میں تیرے پاس
آب و خون جو بہے تھے تیرے چھدے پہلو سے
وہ گناہ کی دوا ہو دوزخ سے بچائے کو

۲ میری محنت ہی ہے کام رونے سے دل ہے آرام
ملتی ہیں صرف تکلیفات ان سے نہیں ہی نجات
محنت میری ہی بیکار جو نہ ہو تو مدد گار

۳ خالی ہاتھ میں آتا ہوں کچھ بھی نہیں لاتا ہوں
ننگا ہوں فقیر بد حال مجھ ناچار کو کر نہال
دے تو مجھے صاف پوشاک کرلو میرے دل کو پاک

یا یہ -

۱ میں جیسا ہوں نہ عذر کر
صرف تیرے خون پر آسرا دھر
اور تکیہ تیری دعوت پر
تجھ پاس اے برّہ آتا ہوں

۲ میں جیسا ہوں بلا تاخیر
کہ جان کے داغوں سے تطہیر

صرف تیرے خون کي هي تاثیر
تجھ پاس اے برّہ آتا هون
۳ مَین جیسا هون دل پریشان
گھبراهٹ ـ قلق ـ خوف ـ گمان ـ
اندیشون سے بالکل حیران
تجھ پاس اے برّہ آتا هون
۴ مَین جیسا هون ضعیف ناچار
جو صحت زور و مال درکار
مجھے تو دینے کو تیار
تجھ پاس اے برہ آتا هون
۵ مَین جیسا هون سو اے غفور
قول تیرا مجھے هي منظور
نجات و پاکي هي ضرور
تجھ پاس اے برّہ آتا هون
۶ مَین جیسا هون روك ٹوك تو سب
پیار تیرے سے هین دور اے رب
صرف تیرا هون هان تیرا اب
تجھ پاس اے برّہ آتا هون

رفاقتِ اقدس کے بعد

سجدہ کرکے اُس بے بہا محبت کے لِئے کہ اُسنے اپنی جان تجھ پر فدا کی اور باقی سب مہربانیوں اور رحمتوں کے لِئے شکر گزار رہو۔ ذیل کا گیت (حفظ) ایسے موقع پر مفید ہوگا۔

۱ حمد مسیح کی ہووے جسں نے دکھ سہا
میرے لئے جان دی اپنا خون بہا
۲ اُسی خون سے ملتا فضل اور حیات
ہون محمود اُس بےحد رحمت کی صفات

پھر اُس مذکورہ خط کے حوالہ کے موافق مین تمھین تاکید کرتا ہون۔ کہ اگر تمھین مطلب خیز الفاظ نہ ملین تو کچھ مضائقہ نہین۔ اپنے منجی کے مبارک قدمون پر خاموش پڑے رہو۔ اپنے خیال اُسکے حضور چڑھنے دو۔ اپنی بابت اُس سے عرض معروض کرو۔ ہمین یہ ضرور نہین کہ ہمیشہ الفاظ ہی سے اپنے دل کے خیال ظاہر کرین وہ تو جیسا فصیح عبارت مین دعا کو ویسا دل کی خاموش لبریزی کو سمجھتا ہے۔

کچھ وقت باقی ھو تو اوروں کے لیے یا کسی ایسی حاجت کے لیے دعا مانگو۔ ھر ایک بات میں تمہاری عرض خدا سے کہہ لے ۔ چاھیے کہ ھمیشہ اسکی مرضی مبارک کے تابع ھو۔

اگر ھنوز کچھ وقت باقی ھی ۔ اور اور دعا نہیں مانگ سکتے ۔ تو کتاب نماز میں سے پڑھو جو سب سے بہتر عبادت خیز رسالہ ھی ۔

خاصکر ۱۰۳ اور ۱۳۹ اور ۱۴۵ اور ۷۳ اور ۱۱۹ مزامیر حسب الموقع ھیں ۔ پہلے سے ان مقاموں پر نشان کرو ۔

عبادت کا خاتمہ ۔

سجدہ کرکے یہ گیت (حفظ) پڑھو ۔

۱ خداوند ایک ھی میری عرض
قبول تو اسے کر
کہ تیرے گھر مبارک میں
میں رھوں عمر بھر

۲ تب دیکھا کروں اے خدا
میں تیرا پاک جمال

دریافت مین کرون هیکل مین
جو تیرا هي جلال

۳ تو میرا حامي هوویگا
مصیبت کے زمان
پهاڑ تو میرا تههریگا
جب دکهه کا هو طوفان

۴ تب خوشي کي قربانیان
چڑهاؤنگا ضرور
اور تیري ثنا گانے مین
مین رهونگا مسرور

چند منٹ سجده کرکے خاموشي مین دعا مانگو اور پیشتر ازانکه گرجا سے باهر آؤ یهه گیت خواه ازبر خواه کتابِ نماز مین سے پڑهو۔

اے خداوند اب تو اپنے بندے کو اپنے قول کے موافق سلامتي سے رخصت کرتا هي ۔

که میري آنکهون نے تیري نجات دیکهي ۔ جو تونے سب لوگون کے سامهنے تیار کي هي ۔ قومون کي

روشني کے لئِے ایك نور ـ اور اپني امت اسرائیل کے واسطے جلال ـ

ستایش اب اور ابن اور روح القدس کي هو ـ

جیسي ابتدا مین تهي اِس وقت هي اور ابد الاباد رهیگي ـ آمین ـ

اگر ممکن هو تو چپ چاپ گهر آؤ ـ اور چند منت سربسجود هو ـ یہ چندان دعا کے واسطے نهین جتنا عبادت پر دوباره غور کے واسطے ضرور هي ـ مبادا که جس قدر تمهارے دل کي مائلیت روحانیت کي طرف هوئي هي اُس قدر اُس سے هٹ جائے ـ تاکه اِنهین خیالات کو اپنے دل مین حفاظت سے رکهہ سکو اور اپنے سے باخبر رهو ـ

صرف رفاقتِ اقدس سے پهلے اپنے تئین اِسکے واسطے تیار کرنا نهین چاهیئے بلکه جب تمهین رفاقت حاصل هوئي تو اُس مین قائم رهنے کے لِئے بڑي خبرداري ضرور هي ـ

هوشیار رهو ـ کیونکه مقدس پطرس نے رفاقتِ اقدس کے بعد هي اپني طاقت پر تکیه کرنیکے سبب خداوند کا انکار کیا ـ

اگر رفاقتِ اقدس کے بعد اپنے دل مین خاص راحت و شادمانی معلوم نکرو تو اپنی همت مت هارو کیونکه آماؤس مین ایسا هوًا که اُنکی آنکهین کهل گئین اور اُنهون نے اُسکو پهچانا اور وه اُنکے پاس سے غائب هوگیا ـ اکثر همارے ساتهه بهی ایسا هی هوتا هی ـ کبهی تو همارے دل کی آنکهین اُسکی حضوری کی تجلّی سے خوب روشن هوجاتی هین ـ لیکن ناگهان وه هماری نظر سے غائب هوجاتا هی ـ اِس سے هم تازه سبق سیکهتے هین که همین ایمان سے چلنا چاهیئے نه که دیکهه بهال کے ـ اعتقاد سے نه که احساس سے ـ هم ایمان سے یقین کرتے هین که وه اب بهی همارے ساتهه موجود هی گو اُسکی حضوری کا مشاهده ایسا نهین کرتے جیسا تهوڑی دیر هوئی که کرتے تهے ـ

پس جب گهر واپس آؤ تو چند منت (خواه دو ایک هون) سجده کرکے عبادت پر دوباره غور کرو ـ اور یاد کرو که وه فی‌الواقع اب بهی میرے ساتهه موجود هی جیسا تب تها ـ مین همیشه تمهارے ساتهه هون ـ

تب اُسکی حضوری کا تیقّن اور فضل ایزدی کی

شادماني اپنے دل مین رکھکر زندگي کي جس
حالت مین تجھے رکھنا خدا کو منظور هي – اُس کے
کام کاج مین مشغول هو –

اتوار کي رات

اُن لفظون پر غور کرو جو اُس وقت کہے گئے
جب صليبي خط تمهارے ماتھے پر کھينچا گيا تھا –

هم اِس شخص کو مسيحي جماعت کے گله مين
شامل کرتے هين اور اُس پر صليبي خط اِس بات کا
نشان کھينچتے هين که آگے کو مسيح مصلوب پر
اعتقاد رکھنے کے اقرار سے وه نه شرمائے اور اُسکے
جھنڈے تلے گناه اور دنيا اور شيطان سے مردانه لڑے
اور جيتے دم تک مسيح کا وفادار سپاهي اور
خدمتگزار بنا رهے – آمين –

تم کہانتک اِسکے مطابق چلتے هو –
تم کس امر مين ناکام يا قاصر رهے –
جانفشاني کرکے اپنا چلن اِس اندازے کے موافق بناؤ –

ذیل کي دعاؤن مین سے پہلي یا کوئي ایسي روز مرّہ دعاؤن کے ساتھہ مانگو۔

(۱) اے خداوند ایك هي مولود بیٹے یسوع مسیح ۔ اے خداوند خدا ۔ خدا کے برّے ۔ باپ کے بیٹے ۔ جو جہان کے گناهون کو لیجاتا هي ۔ مجھہ پر رحم کر۔

تو جو جہان کے گناهون کو اُٹھا لیجاتا هي مجھہ پر رحم کر۔

تو جو جہان کے گناهون کو لیجاتا هي میري دعا قبول کر۔

تو جو خدا باپ کے دهنے هاتھہ بیٹھا هي مجھہ پر رحم کر۔

کیونکہ تو هي صرف قدوس هي ۔ تو هي صرف خداوند هي ۔ تو هي اکیلا اے مسیح روح القدس کے ساتھہ خدا باپ کے جلال مین اعلیٰ درجہ پر هي ۔ آمین ۔ (عشائے ربّاني کي نماز) ۔

(۲) اے قادر مطلق خدا سب رحمتون کے باني مین تیرا نالائق بندہ تیري مہرباني اور محبت کے واسطے جو تونے مجھہ پر اور سارے آدمیون پر ظاهر کي ـــ کمال عاجزي کے ساتھہ دل و جان سے تیرا شکر کرتا هون ۔

میں اپنی پیدائش پرورش اور اِس زندگی کی ساری نعمتوں پر لیکن خصوصاً اُس بے بدل محبت پر جو تونے ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے دنیا کی نجات کی بابت ظاہر کی ہے ۔ اور فضل کے وسیلوں اور جلال کی امید پر تیرا شکر بھیجتا ہوں ۔

اور میں تیری منت کرتا ہوں کہ اپنے سارے احسانوں کی ایسی پوری سمجھ مجھکو دے کہ میرا دل بے ریا تیرا شکر گزار ہو ۔ اور میں تیری تعریف فقط اپنی زبان سے نہیں بلکہ اپنے چلن سے اِس طرح ظاہر کروں کہ اپنے تئیں تیری بندگی میں سونپ دوں اور تیرے حضور پاکیزگی اور راستی کے ساتھ عمر بھر چلوں ۔ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جسکو تیرے اور روح القدس کے ساتھ تمام بزرگی اور جلال ہمیشہ ہووے ۔ آمین ۔ (شکراللہ عمیم)

(۳) اے قادرِ مطلق خدا جس نے اپنا اکلوتا بیٹا عنایت کیا کہ وہ ہمارے گناہوں کا ایک کفارہ اور دینداری کی چال کا ایک نمونہ بھی ہو ۔ مجھ پر فضل کر کہ میں کمال شکرگزاری سے اُسکی وہ

بیش قیمت نعمت همیشه قبول کیا کرون - اور هر روز کوشش کرتا رهون که اُسکي پاکترین روش کے مبارك نقش قدم پر چلون - اُسي همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے - آمین - (ایسٹر کے بعد دوسرے اتوار کي دعا)

پیر - منگل اور بُده کے روز اِن دعاؤن مین ایك یا دو اپني روزمرّه دعاؤن کے ساته مانگو -

---

بعد کے خیالات

جس حال مین که اکثر لوگ رفاقتِ اقدس کي کچه پروا نهین کرتے هین اور تم اُسکي شراکت کو غنیمت اور عزیز جانتے هو تو خبردار رهو که مبادا کهین اپني نیکوئي کا زعم تمهارے ذهن مین نه سماجائے - صرف وهم نهین بلکه واقع مین بڑا خطره هي - که کسي فرض کو ادا کرکے اپني بابت تو خاطر جمعي کرلیجائے - اور اُس سے غافلون کي حقارت دل مین پیدا هو - ایسے کل بیهوده خیالون کو رد کرنا چاهیئے - یاد رکهو که تم واجبات سے آگاه کِئے گئے هو - اور جس کو زیاده دیا گیا اُس

سے زیادہ مانگیگے ۔ جب سب کچھ جو تمھارے لیے فرمایا گیا کرچکو تو کہو ہم نکمے بندے ہین کیونکہ جو کچھ ہمین کرنا واجب تھا وھي کیا ۔

کیا تم نے سب کچھ کیا ھي ۔ یا کیا تم نے نصف بھي کیا ھي ۔ یقیناً تم نه صرف اُسکے نکمے بندے ھو بلکه نا لائق بندے ھو ۔

کثرت سے معافي حاصل ھوئي ! پس غرور کو تا ابد بالائے طاق رکھو ۔ کیا جس گناھکار کو ابھي مغفرت ملي ھي وہ شیخي سے سر اُٹھانے کي جرأت کریگا ۔

رفاقت اقدس مین شراکت

کتنے مرتبه رفاقت اقدس مین شریك ھونا چاھیئے ۔ ظاھر ھي که رسول کم سے کم ھر اتوار کو اُسکي تقدیس کیا کرتے تھے ۔ (اعمال ۲۰ ـ ۷) سب سے بہتر ھي که رسولون کے نقش قدم پر چلین وہ تو خداوند کے ھمراہ تھے اور اُس سے رو برو گفتگو کیا کرتے تھے اُنھین ھم سے زیادہ ضرورت نه تھي که مرئي

طور پر اُسکي يادگاري کرين يا غير مرئي طور سے اُسکي پاك رفاقت سے فيض اور برکت پاوين -

خير اگر هر هفتے نه هو سکے تو هر مہينے يا جتنے مرتبه بن پڑے -

ليکن جس قدر زياده اُس مين شريك هوگے اُسي قدر زياده تم اُسے سمجھوگے اور عزيز القدر جانوگے -

تم جانتے هو که عادت کي کيسي قدرت هي پس جيسي اَور امور مين ويسي رفاقتِ اقدس کي نسبت عادتِ نيك پيدا کرني چاهيئے -

اگر هر اتوار رفاقتِ اقدس مين شريك هو تو خبردار! صرف ظاهري رسم نه بنجائے - اِس خطرے سے بچاؤ کي يهه ايك صورت هي که مختلف اوقات پر متفرق غرضون سے اُس مين شريك هون - کبھي تر و تازگي کي غرض سے آئين - جب هماري تھکي ماندي جان خداوند کے پاس آتي هي تاکه آرام اور اطمينان پائے - کبھي جب دل مين راحت هي تو خدا کي ستايش کے لِئے - کبھي اُس خوشي وخُرّمي کے لِئے جو خداوند اور اُسکے مقدّسون کي رفاقت اور صحبت سے حاصل هوتي هي - بعض

وقت همین یه خطره معلوم هوتا هي که دلیوي
خیالات کا غلبه خداوند کي یاد کو هم سے بآسانی
فراموش کرادے - سو هم اپني روحاني طاقت کي نو
و تازگي کے لیے خداوند کي پاك رفاقت مین آتے
هین - بعض وقت هم دلي توبه کے ساتھ آتے هین -
که هم نے اپنے خداوند کو زخمي کیا - همنے اُسکے
دشمنون کو کفر بکنے کا موقع دیا - اب هم بدل و
جان چاهتے هین که اپنا غم اور پشیماني خداوند پر
ظاهر کرین - بعض وقت اپنے تئین فراموش کرکے
صرف اَورون کے لِیے سفارش کرنا چاهتے هین -
اِس نظر سے کیونکر هوسکتا هي که یه رسم بارِگران
یا ظاهري رسم بن جائے -

کوشش کرو که هر موقع پر غور و سفارش کے لیے
کوئي خاص مضمون تمهارے زیرِ نظر رهے - تاکه اپني
ذات - حاجات - تکلیفات و تشکرات کے مغلوب
نه هوجا. - جیسے اَور معاملات مین ویسے دیني
امورات مین بهي خودغرضي کو ترك کرنا
چاهیئے -

علي الصباح رفاقت اقدس

ونچسٹر کے اُسقف سموایل ولبرفورس صاحب نے یہہ صلاح دي کہ علي الصباح رفاقتِ اقدس مین شریك ھو اور روز کا عمدہ اور پہلا حصہ روح کي تر و تازگي اور دل کي یکتائي اُس اعلي خدمت مین صرف کرو - اگر علي الصباح نہ ھوسکے تو عشائے رباني مین شریك ھونے سے پیشتر قدرے معمولي غذا کھانا کچھہ عیب نہین ھي -

یہہ قول اِسلئے نقل ھوّا کہ بعض نہار مُنہہ رفاقتِ اقدس مین شریك ھونا ضروري خیال کرتے ھین لیکن ھمارے خداوند نے شام کے کھانے کے بعد اِسکو مقرر کیا پس اُس سے پہلے کچھہ کھا لینا بُرا نہین ھي -

رفاقتِ اقدس مین جو تر و تازگي اور اطمینان حاصل ھوتي ھي اُسکے لحاظ سے اگر ممکن ھو تو علي الصباح آؤ - لیکن اگر طاقت حاصل کرنیکے واسطے کچھہ کھانا کھانیکي ضرورت معلوم ھو تو بلا تامل کھاؤ - کسنے تمھارے جسم کو خوراك کا محتاج بنایا - ھرگز ھرگز گمان مت کرو کہ اگر خدا کي

شرعون سے دیدہ و دانستہ غفلت کیجائے تو اُس سے خدا خوش یا جلالی ہوگا۔

بائبل کی تلاوت

اپنے لئے قانون مقرر کرو کہ کم از کم دن بھر میں ایک دفعہ ضرور بائبل کی تلاوت کروگے۔ خواہ اَور کچھ ھي نہ پڑھے رہ جائے۔ اپنی بائبل کو نہ کھولے کبھی مت رہنے دو۔

سب سے بہتر یہ ھي کہ کسی ترتیب سے پڑھو۔ مثلاً روز مرّہ کے دوسرے وِردون مین سے ایک ورد پڑھو اور عہد عتیق مین سے کسی کتاب کا ایک باب لیکن جس کتاب کو پڑھنا شروع کرو ابتدا سے انتہا تک پڑھو۔ یا روز کے دوسرے وِردون مین سے ایک وِرد صبح اور ایک شام کو پڑھو۔ اگر اتنا نہ پڑھ سکو تو ایک ورد پڑھو۔ یا صبح شام چند آیتین۔ مگر اِدھر اُدھر سے نہین۔ کسی کتاب کو سلسلہ وار ابتدا سے انتہا تک پڑھو۔

همیشه بائبل پڑھنے سے پہلے ایسے کچھ لفظون کو اپنے دل مین کہکر برکت کے لِئے دعا مانگو۔

اے خداوند اپنا پاك کلام مجھے سکھا اور میری آنکھون کو کھول –

اے خداوند مجھے اپني راہ سکھا – مجھے اُس راہ پر جو برابر هي لے چل –

تھوڑے هي عرصه مین بہت کچھ سیکھ لوگے – اگر کسي مقام کو توجه کے ساتھ پڑھنے کے بعد چند منٹ تك غور سے اُس پر سوچو تو اُس سے بڑي مدد اور اطمینان حاصل ھوگي – معلوم کروگے که روح القدس واقع مین همین سکھاتا هي – یا تو کوئي آیت تمھارے ذھن پر نقش کرتا هي – یا کسي مشهور مقام کو نئي روشني مین دکھاتا هي –

اگرچه هر روز قانون پر قانون – تھوڑا یہان تھوڑا وھان – تو بھي اِسي طرح بہت کچھ سیکھا جاتا هي –

سخاوت

خدا اُسي کو پيار کرتا هي جو خوشي سے ديتا هي - اگر تيرے پاس بهت هو تو بهتايت سے دے - اگر تيرے پاس تهوڑا هو تو کوشش کرکے خوشي کے ساتهه اُس تهوڑے ميں سے دے - سب سے بهتر طريقه جس سے هر موقع پر مستعدي اور خوش دلي سے خيرات کرسکو يه هي - که اپني آمدني کا ايک حصه لله الگ کر رکهو - تب تمهارے پاس مقدس خزانه هوگا جس ميں سے حسب ضرورت کشاده دلي سے خيرات کرسکتے هو - روپيه تو خدا کے نام پر وقف هوچکا - صرف مناسب طور پر صرف کرنا باقي هي -

اگر تم نے چار ناچار کسي مطلوبه چيز کا خريدنا اِس غرض سے ملتوي رکها که کچهه خيرات کرسکو البته خود نثاري تو کي - تو بهي يه بد انتظام خانساماني هي - کيا اِس سے خدا کهيں زياده خوش نه هوتا - کيا يه زياده تر سچي خود نثاري نه هوتي اگر تم وهي روپيه پهلے سے خيرات کے لئے الگ کررکهتے -

سب سے پہلے خدا کي بادشاهي کو ڈھونڈو ۔
چاهيئے که جيسے اور باتون مين ويسے خيرات مين
سب سے پہلے خدا کي بادشاهي کو ڈھونڈين ۔
يعني پہلے سے اپني آمدني کا ايك حصه للّٰه الگ
کر رکھين ۔

حاصلِ کلام

چاهيئکه (جيسا خود خدا چاهتا هي) دين تمهاري
خوشوقتي ياوري اور اطمينان کا باعث هو ۔ خدا
ظالم حاکم نہين ۔ مہربان باپ هي ۔ اُسے اپنے
فرزندون کي خوشي وخرّمي منظور هي ۔

اگر توجه سے انجيل پڑھو تو جانوگے که وه دين جو
خداوند مسيح نے سکھايا نہايت هي ساده اور صاف
تها ۔ هر ايك اُسے سمجھ سکتا تها ۔ تم اُسے مت
اُلجھاؤ جس سے وه ظاهري رسمون اور بيهوده
دستورون سے بارِ گران بن جائے ۔

دين کا نور خداوند يسوع کي محبت هي ۔ کوشش
کرو که اُس کا احساس دل مين پيدا هو ۔ اُس پر
غور کرتے رهو جب تك وه خيال تمهاري زندگي کا

جزو نه هوجائے - سوچو که کیسي تہ دل سے
تمہارا منجي تمهین پیار کرتا هي - جو کچهه اُسنے
تمہارے واسطے کیا هي - جو کچهه اُسنے تمهین بخشا
هي - جو کچهه وه تم سے وعده کرتا هي - ان سب
پر دهیان کرو - نه صرف اُس محبت کا خیال کرو
جو اُس نے تم سے کي بلکه اُسکي اُس جلالي اور
فیض بخش محبت کا بهي جو اُسنے کل عالم سے
کي که اپنے تئین قربان کرکے جهان کا گناه اُٹها لے
گیا - پس کوشش کرو که تمهارا دل یسوع کي
محبت کي حقیقت کا تجربه حاصل کرے جس سے
تم دلشاد اور خوشوقت هوؤ -

خداوند کي زیاده سے زیاده پہچان حاصل کرتے
جاؤ - اُسکي زندگي کے حالات پر جو انجیل مین
مندرج هین باربار خوب غور و فکر کرو - اور اُنکے
واقعي امر هونیکا یقین دل مین پیدا کرو - یهوده
اور جلیل کے نشیب و فراز مین خداوند یسوع مسیح
کي پیروي کرو - اُسے اپني نظر کے سامنے رکهو اور
اُسکي آواز کے شنوا هو - اُسکي پاکیزگي -
اطمینان خاطر - محنت ومشقت - اورون کي خاطر اپنے
تئین قربان کرنا - راستي کي طرفداري مین همت -

اپنے کام مین کمال استحکام سے مصروف رهنیکا حوصله ـ اُسکي برداشت اور صبْر ـ قناعت اور حلیمي ـ مهرباني اور سوچ بچار پر غور کرو ـ یهانتك که حقیقي محبت کي پُر تعظیم سرگرمي کے ساتهه اُسے پیار کرنیکو گویا مجبور هوجاؤ ـ

تم اُس پر غور کرو ـ جب اُسکي زیاده سے زیاده سیرت کي خوبي کا معائنه کروگے تو تمهارے دلون مین یهه اشتیاق پیدا هوگا که هر روز کوشش کرتے رهو تاکه اُسکي پاکترین روش کے مبارك نقشِ قدم پر چلو ـ

یسوع کي شاندار محبت بڑے بڑے کامون کو انجام دینے کي همت بندهواتي هي اور همیشه روز افزون کمال کے شوق کو اُبهارتي هي ـ یهي تمهین عالي خیال بنا سکتي هي ـ

روز مرّه کي دعائین

صبح کے وقت

اے خدا همارے آسماني باپ ـ مَین تیري ساري رحمتون کے لئے جو تونے مجهه پر کین تیرا

شکر کرتا هون - مَین تیرا شکر کرتا هون که تو نے اپنے بیٹے کو میرا فدیه هونیکے واسطے دیدیا - که تو نے مجھے مسیح کا عضو - خدا کا فرزند - اور آسماني سلطنت کا وارث بنایا هي - اُن سب برکتون کے لئے مَین تیرا شکر کرتا هون جو تو نے مجھے بخشین -

تو میرے دل کا حال جانتا هي - جو کچھ تو میرے لِئے درکار اور ضرور جانتا هي مجھے عطا فرما - مجھے توفیق دے که مَین اپنے گناهون کے لِئے مغموم هوؤن - میري یاوري کر که مَین اپنے منجي پر مستحکم ایمان رکھون - مجھے وه اطمینان اور تسکین حاصل هو جو اُن لوگون کو حاصل هي جنکے دلون نے اُس مین قرار پایا هي -

هر روز مجھے اپني پاك مرضي کي پهچان دے - مدد کر که مَین تجھے خوش کر سکون - اے خداوند آج میرے ساتھ هو اور جو کچھ مَین کرون اُس مین میري حمایت اور هدایت کر - اور یه توفیق بخش دے که جس حالت مین مجھے رکھنا منظور هي اُس مین جو کچھ مجھ پر فرض اور واجب هي اُسے ادا کیا کرون -

اے خداوند مجھے اپني معرفت اور محبت کي تعليم دے - ايسا کر که اپنے آپ کو بالکل تجھے سونپ دون - زندگي اور موت مين اور تا ابد تيرا هو رهون - اے آسماني باپ يهه يسوع مسيح کي خاطر بخش دے - آمين -

اے همارے باپ جو آسمان پر هي - تيرے نام کي تقديس هو - تيري سلطنت آئے - تيري مرضي جيسي آسمان پر پوري هوتي هي - زمين پر بهي هو - هماري روز کي روٹي آج همين دے - اور هماري خطاؤن کو معاف کر که هم بهي اپنے هر قصور وار کو معاف کرتے هين - اور همين آزمايش مين نه لا - بلکه اُس شرير سے بچا - کيونکه سلطنت قدرت اور جلال ابد الاباد تيرا هي هي - آمين -

---

سوال

مين اُسکے واسطے کس قدر کر سکتا هون جسنے ميرے واسطے اِس قدر کيا هي -

اے خداوند مجھے اپني معرفت اور محبت كي تعليم دے - ايسا كر كہ اپنے آپ كو بالكل تجھے سونپ دون - زندگي اور موت مين اور تا ابد تيرا ہو رهون - اے آسماني باپ يہہ يسوع مسيح كي خاطر بخش دے - آمين -

اے همارے باپ جو آسمان پر هي - تيرے نام كي تقديس هو - تيري سلطنت آئے - تيري مرضي جيسي آسمان پر پوري هوتي هي - زمين پر بهي هو - هماري روز كي روٹي آج همين دے - اور هماري خطاؤن كو معاف كر كہ هم بهي اپنے هر قصور وار كو معاف كرتے هين - اور همين آزمايش مين نہ لا - بلكہ اُس شرير سے بچا - كيونكہ سلطنت قدرت اور جلال ابد الاباد تيرا هي هي - آمين -

---

سوال

مين اُسكے واسطے كس قدر كر سكتا هون جسنے ميرے واسطے اِس قدر كيا هي -

رات کے وقت

(جیسے ہو بے عذر ہر شب اپنے مسیح کے قدموں میں پھر آؤ۔

تم جیسے ہو بلا تاخیر
کہ جان کے داغوں سے تطہیر
صرف اُسکے خون کی ہی تاثیر

آؤ اور اُس سے التجا کرو کہ گزشتہ دن کے تمام داغوں کو دھو ڈالے ۔ کیونکہ اگر ہم اپنے گناہوں کا اقرار کریں تو وہ ہمارے گناہ بخشنے اور ہم کو ہر طرح کی ناراستی سے پاک کرنے میں صادق القول اور عادل ہی۔

اِس رحمت کے لیے اُس کا شکرگزار ہونا مت بھولو کہ وہ تمہیں ایسی کثرت سے معاف کرتا ہی۔)

خداوند مُجھ پر رحم کر
مسیح مُجھ پر رحم کر
خداوند مُجھ پر رحم کر

اے خداوند ـ یسوع مسیح کي خاطر مجھے معاف
کر ـ جو خطا آج مین نے خیال قول اور فعل سے کي
هي اُسکے لئے مجھے معافي بخش ـ
جو مجھکو کرنا لازم تھا وہ مین نے نهین کیا ـ اور
جو مجھکو کرنا جائز نه تھا وہ مین نے کیا ـ اے
خداوند مجھے معاف کر ـ
اے رحیم خداوند مجھکو معافي اور سلامتي
بخش که مَین تمام گناهون سے پاك هوجاؤن اور خاطر
جمعي سے تیري بندگي کرون ـ یسوع مسیح کے
وسیلے سے ـ آمین ـ
اے خداوند خدا مَین مغفرت اور رحمت کے سب
وعدون کے لِئے تیرا شکر کرتا هون ـ تو نیك هي اور
نیکي کرتا هي ـ مجھے اپنے حقوق سکھلا ـ
آج کي تمام نعمتون اور برکتون کے لِئے مَین تیرا
شکر کرتا هون ـ تو میرا خدا هي مَین تیرا شکر
کرونگا ـ تو میرا خدا هي مَین تیري ستایش
کرونگا ـ
حمد اب اور ابن اور روح القدس کي هو ـ
جیسي ابتدا مین تھي اِسوقت هي اور ابدالاباد
رهیگي ـ آمین ـ

اے خداوند ـ یسوع مسیح کي خاطر مجھے معاف کر ـ جو خطا آج مین نے خیال قول اور فعل سے کي هي اُسکے لئے مجھے معافي بخش ـ

جو مجھکو کرنا لازم تھا وہ مین نے نهین کیا ـ اور جو مجھکو کرنا جائز نه تھا وہ مین نے کیا ـ اے خداوند مجھے معاف کر ـ

اے رحیم خداوند مجھکو معافي اور سلامتي بخش که مَین تمام گناهون سے پاك هوجاؤن اور خاطر جمعي سے تیري بندگي کرون ـ یسوع مسیح کے وسیلے سے ـ آمین ـ

اے خداوند خدا مَین مغفرت اور رحمت کے سب وعدون کے لِئے تیرا شکر کرتا هون ـ تو نیك هي اور نیکي کرتا هي ـ مجھے اپنے حقوق سکھلا ـ

آج کي تمام نعمتون اور برکتون کے لِئے مَین تیرا شکر کرتا هون ـ تو میرا خدا هي مَین تیرا شکر کرونگا ـ تو میرا خدا هي مَین تیري ستایش کرونگا ـ

حمد اب اور ابن اور روح القدس کي هو ـ
جیسي ابتدا مین تھي اِسوقت هي اور ابدالاباد رهیگي ـ آمین ـ

اے خداوند خدا مجھے برکت دے اور رات کو میری حفاظت کر ـ یسوع مسیح کی خاطر سے ـ آمین ـ

اے خداوند مَیں تیری منت کرتا ہوں کہ اُس (شخص یا شَے کا نام لو جسکے لِئے دعا مانگنی چاہتے ہو) کو برکت دے ـ

اے ہمارے باپ تو جو آسمان پر ہے تیرے نام کی تقدیس ہو ـ تیری سلطنت آئے ـ تیری مرضی جیسی آسمان پر پوری ہوتی ہے ـ زمین پر بھی ہو ـ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے ـ اور ہماری خطاؤں کو معاف کر کہ ہم بھی اپنے ہر قصور وار کو معاف کرتے ہیں ـ اور ہمیں آزمایش میں نہ لا بلکہ اُس شریر سے بچا ـ کیونکہ سلطنت قدرت اور جلال ابد الاباد ـ تیرا ہی ہے ـ آمین ـ

سوال و جواب

سوال ـ عشائے ربانی کی سکریمنٹ کس واسطے مقرر ھوئی ـ

جواب ـ اُس قربانی کی ھمیشہ کی یادگاری کے واسطے جو مسیح کی موت سے ھوئی اور اُن فائدون کے واسطے جو اُس کے سبب سے ھمین حاصل ھوتے ھین ـ

سوال ـ عشائے ربانی کا ظاھری جزو یا نشان کیا ھی ـ

جواب ـ روٹی اور وائن جسکے کھانے اور پینے کا حکم خداوند نے دیا ـ

سوال ـ باطنی جزو یا وہ چیز جس کے یہہ نشان ٹھہرائے گئے ـ کیا ھی ـ

جواب ـ مسیح کا بدن اور لہو ـ جسے عشائے ربانی مین ایماندار فی‌الحقیقت اور بےشک لیتے اور حاصل کرتے ھین ـ

سوال ـ ھمین اُس سے کیا فائدے ملتے ھین ـ

جواب ـ ھماری روحین مسیح کے بدن اور لہو سے

مضبوط اور تازه هو جاتي هين جيسا كه همارا بدن روٹي ارر وائن سے –

سوال – عشائے رباني مين جو شريك هوٓا چاهتے هين – أنهين كيا كيا ضرور هي –

جواب – يهہ كه وه آپ كو آزمائين كه اپنے پچهلے گناهون سے سچي توبه كرتے – اور نئي چال چلنے كا مضبوط اراده ركهتے – اور مسيح كے وسيلے خدا كي رحمت پر زنده ايمان ركهتے اور شكر گزاري سے أسكي موت كو ياد اور سب آدميون سے محبت ركهتے هين يا نهين –

London: Printed by W. H. Allen & Co., 13, Waterloo Place.